دفتر مقام معظم رهبری
www.leader.ir

رہبر معظم نے ایک حکم میں صوبہ البرز میں ولی فقیہ کے نمائندے اور کرج کےامام جمعہ کو مقرر کیا - 2 /Oct/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمیخامنہ ای نے ایک حکم میں حجۃ الاسلام والمسلمین حاج سید محمد مہدی حسینی ہمدانی کو صوبہ البرز میں ولی فیقہ کا نمائندہ اور کرج کا امام جمعہ مقرر کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب حجۃ الاسلام آقائ حاج سید محمد مہدی حسینی ہمدانی دامت افاضاتہ

جناب حجۃ الاسلام آقائ کازرونی کی کرج کےامام جمعہ کے عہدے پرمتعدد سال تک خدمات انجام دینے کا شکریہ ادا کرتاہوں اور ان کے انصراف کے پیش نظر جنابعالی کو کرج کا امام جمعہ اور صوبہ البرز میں اپنا نمائندہ مقرر کرتا ہوں ۔ اللہ تعالی کی توفیق و ہدایت کےہمراہ آپ کی علمی اور دینی صلاحیتیں صوبہ اور شہر کے عوام بالخصوص جوان نسل کے مخاطبین میں علم و دینی معرفت اور انقلابی جوش و خروش پیدا کرنے میں اہم ثابت ہوگا انشاء اللہ ۔ اس خطے کے مؤمن، وفادار اور انقلابی عوام کو دعا اور سلام پیش کرتا ہوں اور آپ سب کے لئے اللہ تعالی کی برکات کا طلب گار ہوں۔

سید علی خامنہ ای

9/مہرماہ/1392